© rasailojaraid.com



# تبصرے

**مراقبات** از جناب ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب تقطیع کلاں ضخامت ۸۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد ۱۲ پتہ :- حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس حیدرآباد دکن۔

جناب ڈاکٹر صاحب کا نام علمی حلقوں میں کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ موصوف جامعہ عثمانیہ میں فلسفہ کے صدر شعبہ ہیں لیکن دل و دماغ قرآن مجید کی تجلیات و انوار سے معمور اور فکر کا ہر گوشہ اسی منبع برکات و حقائق کی فیض باریوں سے روشن ہے۔ موصوف نے اس کتاب میں صحت و عافیت، اطمینان نفس، جمعیت خاطر، اعتماد و فور رزق، ہدایت و حفاظت آزادی و کامیابی، رنج خوف و حزن غرض کہ جملہ حسنات دینی و دنیوی حاصل کرنے کے لئے دعائیں نقل کی ہیں جو زیادہ تر قرآن مجید سے اور بعض بعض احادیث اور بعض کبار اولیاء اللہ کے معمولات سے ماخوذ ہیں۔ ادعیہ ماثورہ پر تو اور بھی بہت سی کتابیں ہیں لیکن اس کتاب کی بڑی خصوصیت جو ایک فلسفہ جدید و نفسیات کے مبصر عالم سے متوقع ہو سکتی تھی یہ ہے کہ موصوف نے ہر دعا کے ساتھ اس کی تشریح اس انداز میں کی ہے کہ اگر دعا مانگنے والا دعا کرتے وقت اس تشریح کو پورے طور پر اپنے دل و دماغ پر مسلط کرلے تو پھر خود از روئے نفسیات و علم افعال انسانی دعا کا اثر ظاہر ہونے میں کوئی شک باقی نہیں رہتا۔ فاضل مرتب اپنے تشریحی نوٹوں میں جو جابجا صوفیائے کرام کے بعض وجد آفریں اشعار کا پیوند لگاتے گئے ہیں اس نے کتاب کی افادیت و اثر انگیزی کو چار چاند لگا دئے ہیں اس طرح یہ کتاب بقول مولانا عبدالماجد دریابادی کے جنھوں نے اس کتاب پر تعارف لکھا ہے صرف بہترین دعاؤں کا مجموعہ نہیں بلکہ اس میں فلسفہ دعا بھی موجود ہے۔ حق تعالیٰ ڈاکٹر صاحب کو اجر جزیل عطا فرمائے کہ درحقیقت یہ کتاب لکھ کر انھوں نے ایک بڑی اہم اسلامی نہیں بلکہ انسانی بھی خدمت انجام دی ہے موجودہ حالات میں جبکہ مسلمان عام طور پر پریشان ہیں ضرورت ہے کہ ہر مسلمان کم از کم ایک نسخہ اس

© rasailojaraid.com